Australian Government
Australian Centre for International Agricultural Research
Australian Aid

Aik Saath ایک ساتھ 'Together'

# چیچڑوں کا حملہ - (Tick Infestation)

## تعارف:

چیچڑ بیرونی کیڑے ہیں جو جانوروں کے خون پر پلتے ہیں جو کہ جانوروں کو براہ راست بھی متاثر کرتے ہیں اور ان میں بیبیسیئوسس اور تھلیریئوسس جیسی مہلک بیماریوں کو بھی منتقل کر سکتے ہیں۔

## علامات:

- جانوروں پر چیچڑ اکثر دکھائی دیتے ہیں شروع میں جب وہ جانور پر چپکتے ہیں تو وہ چپٹے اور سرخ کتھئی رنگ کے ہو سکتے ہیں، جب وہ خون سے بھر جاتے ہیں تو وہ زیادہ بڑے ہو جاتے ہیں اور اکثر نیلے - سرمئی رنگ کے اور گول ہوتے ہیں
- زیادہ تعداد میں چیچڑوں کا ہونا مندرجہ ذیل باتوں کا سبب بنتا ہے۔
  - ✓ خون کی کمی
  - ✓ وزن میں کمی
  - ✓ دودھ کی پیداوار میں کمی
  - ✓ بخار
  - ✓ وزن میں بڑھوتری نا ہونا۔



## تشخیص

چیچڑ کو عام آنکھ سے دیکھا جا سکتا ہے۔ جانور کے جسم کو جانچنے کے لیے بغل، پونچھ کے نیچے کا حصہ اور کانوں کے نیچے کا حصہ اہم مقام ہیں۔

## جانوروں میں چیچڑ کیسے آتے ہیں

- جانوروں پر موجود مادہ چیچڑ گھانس یا عمارتوں کے فرش پر انڈے دیتی ہے اور جب وہ انڈے پھوٹتے ہیں تو ان میں سے چھوٹے چیچڑ نکلتے ہیں مختلف قسم کے چیچڑ مختلف جگہوں پر انڈے دینے کو ترجیح دیتے ہیں
- جانوروں پر چھوٹے چیچڑ چرائی کے وقت یا رہنے کی جگہ (جہاں چھوٹے چیچڑ موجود ہوں) سے چھڑ سکتے ہیں۔
- کچھ چیچڑ اپنی پوری زندگی ایک جانور پر گزار دیتے ہیں اور کچھ ایک جانور سے دوسرے پر منتقل ہوتے ہیں۔

## علاج:

- کم تعداد میں موجود چیچڑوں کو علاج کی ضرورت نہیں ہوتی جس جانور پر زیادہ تعداد میں چیچڑ موجود ہوں اس کا علاج کیمیکل اسپرے یا پھر انجیکشن / ٹیکے کی مدد سے کیا جا سکتا ہے۔ علاج کے لیے ایسے طریقے کو منتخب کرنا چاہیے جو جانوروں کے حساب سے آپ کے لیے آسان ہو، جس کی دوا مہیا ہو اور آپ کے آس پاس اس علاج کی سہولت موجود ہو۔ لیبل پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں کیونکہ کچھ دوائیں حاملہ اور دودھ دینے والے جانوروں پر استعمال نہیں کی جا سکتی۔
- انجیکشن

THE UNIVERSITY OF MELBOURNE — UVAS UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE — LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT DEPARTMENT GOVERNMENT OF THE PUNJAB — حکومت سندھ Government of Sindh — SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY TANDOJAM

- آئیور میکٹن (*Ivermectin*) انجیکشن: 1 ایم ایل انجیکشن 50 کلو گرام وزن کے حساب سے چمڑی میں لگائیں
- پور آن کیمیکل / اسپرے
- (*Cypermethrin Cyprin, Ectofleece*) 1 ملی لیٹر دوا 1 لیٹر پانی میں محلول بنائیں
- کیمیکل کو ملاتے وقت اور جانور پر استعمال کرتے وقت دستانے پہنیں، بچا ہوا کیمیکل پانی کی نالیوں میں نا پھینکیں

## احتیاط:

- گھٹن والی جگہوں پر اسپرے نا کیا جائے
- جانور جب پیاسا ہو اور شدید گرمی ہو تو اسے دوا ملے محلول میں غوطہ نہ دیں
- محلول کو گھانس اور پینے کے پانی سے دور رکھیں
- حاملہ اور دودھ والے جانور پر استعمال نہ کریں

## چیچڑوں سے بچاؤ کے قدرتی طریقے:

مرغیاں اور پرندے چیچڑوں کا شکار کرتے ہیں اس لیے یہ چیچڑوں کو جانوروں کی رہنے کی جگہ اور باڑوں میں کم کرنے کا بہت کارآمد طریقہ ہے۔

## چیچڑوں سے بچاؤ کے گھریلو ٹوٹکے:

دو کپ سرکا 1 کپ پانی میں شامل کر کے عمارت اور باڑوں میں اسپرے کریں

## چیچڑوں کا بندوبست اور روک تھام

مندرجہ ذیل باتیں چیچڑوں پر قابو پانے میں کام آتی ہیں




- دیواروں کے پاس۔ کچرے کو ہلکی آگ لگا کر دُھواں کرنے سے چیچڑوں کو دور رکھا جا سکتا ہے
- چھوٹے چیچڑوں کی رہنے کی جگہ ختم کرنے کے لیے فرش پر بچھائی ہوئی گھاس اور لکڑیاں وغیرہ اٹھا کر دور منتقل کر لی جائیں
- خود چیچڑوں کو ہٹانے کے لیے ہاتھوں کی مدد سے چیچڑوں کو جانور کے جسم کے بلکل قریب سے پکڑ کر گھمائیں کر اور کھینچ کر اتارا جائے
- زیادہ تعداد میں چیچڑوں کے حملے والی جگہ اور باڑوں کو کیمیکل اسپرے جیسے کہ ٹرائیکلور فون (*Trichlorfon*) اسپرے (مثلاً ٹیگا فون، *Tegafon*، اکٹوفون *Ectofon*، اور سیگوان *Seguan*) سے صاف کیا جا سکتا ہے۔
- اس کو استعمال کرنے کے لیے 7.5 گرام ٹرائیکلور فون کو ایک لیٹر پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

## احتیاط:

لیبل پر موجود تمام ہدایات پر عمل کرنا چاہیے، کھانے کی چیزوں یا پانی کو اس سے بچائیں اور انسانوں سے رابطے سے گریز کریں۔